صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے کردار

پرائمری کیئر پرووائڈر (پی سی پی)

- پی سی پی ایک صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والا فرد ہے، وہ عام طور پر ایک ڈاکٹر یا نرس پریکٹیشنر ہوتا ہے، جو لوگوں کو عام میڈیکل مسائل کیلئے دیکھتا ہے۔
- آپ کی صحت کی نگہداشت کی ضروریات یا خدشات کی ابتدائی تشخیص پی سی پی کرتا ہے۔

پرسنل سپورٹ ورکر (پی ایس ڈبلیو)

- پی ایس ڈبلیوز (PSWs) ایک معیاری تربیتی پروگرام مکمل کرتے ہیں تاکہ وہ ہر عمر کے مؤکلوں کو بنیادی نگہداشت اور مدد فراہم کرسکیں۔
- پی ایس ڈبلیوز روزمرہ زندگی کی سرگرمیوں جیسے کہ ڈریسنگ، گرومنگ، ذاتی حفظان صحت، بیت الخلا میں مدد، اور نقل و حرکت کی مدد فراہم کرتے ہیں۔
- پی ایس ڈبلیوز روزمرہ زندگی کی انسٹرومینٹل سرگرمیاں جیسے گھر داری کا ہلکا کام اور کھانے کی تیاری میں بھی مدد فراہم کرتے ہیں۔
- پی ایس ڈبلیوز ان سرگرمیوں کے لئے معاون، غیر طبّی مدد فراہم کرتے ہیں جن میں مؤکلوں سے توقع کی جاسکتی ہے کہ اگر وہ جسمانی اور/ یا علمی طور پر اہل ہوں تو وہ انہیں خود سرانجام دیں۔

نرسیں

- نرسیں فرنٹ لائن نگہداشت فراہم کرنے والے افراد ہیں جو متعدد طریقوں سے نگہداشت کرتے ہیں۔ اس میں مریضوں کی صحت کی صورتحال اور زندگی کے حالات کا جائزہ لینا، نگہداشت کے منصوبوں کو تیار کرنا اور ان پر عمل پیرا ہونا، اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ مریض اپنی صحت کے اہداف حاصل کر رہے ہیں مسلسل نگہداشت کے منصوبوں کا جائزہ لینا شامل ہیں۔
- **رجسٹرڈ نرسیں (آر این)** جامع اور گہرے علم کی بنیاد رکھنے والی یونیورسٹی کی ڈگری والی نرسیں ہیں جو اکثر غیر متوقع حالات میں زیادہ پیچیدہ ضرورتوں والے مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔
- **رجسٹرڈ پریکٹیکل نرسیں (آر پی این)** ایسی نرسیں ہیں جن کے پاس عملی نرسنگ کا ڈپلوما ہوتا ہے جو کم پیچیدہ ضرورتوں والے مریضوں اور مستحکم یا قابل پیش گوئی حالات کے حامل مریضوں کی نگہداشت کرتی ہیں۔
- **نرس پریکٹیشنرز (این پی)** اعلٰی درجے کی یونیورسٹی کی تعلیم کے ساتھ آر این ہیں جو مریضوں کو مکمل حد تک ابتدائی صحت کی خدمات فراہم کرنے کے اہل ہوتے ہیں، جن میں تشخیص اور ادویات کے نسخے شامل ہیں، جو اکثر سماجی کارکنوں، فارماسسٹ اور ذہنی صحت کے پیشہ ور افراد کی شراکت داری میں کام کرتے ہیں۔

پیشہ ورانہ تھراپسٹ (او ٹی)

- او ٹیز (OTs) صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے وہ افراد ہیں جو ان مسائل کو حل کرنے میں مدد کرتے ہیں جو کسی فرد کی اپنے لئے ضروری کام کرنے میں اس کی صلاحیت میں مداخلت پیدا کرتے ہوں - روزمرہ کی سرگرمیاں جیسے کہ کپڑے پہننا یا کھانا، کام پر یا اسکول جانا، نقل و حرکت اور تفریحی سرگرمیاں جیسے کھیل یا باغبانی۔
- پیشہ ورانہ تھراپی بھی کسی مسئلے کو روک سکتی ہے یا اس کے اثرات کو کم کرسکتی ہے۔ وہ لوگوں کی مختلف کاموں میں دوبارہ حصہ لینے یا شرکت کو برقرار رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔
- او ٹیز باقاعدہ طبّی پیشہ ور افراد ہیں جنہیں کینیڈا میں قانونی طور پر کام کرنے کے لئے اپنے صوبائی کالج میں لازمی طور پر اندراج کروانا پڑتا ہے۔

فزیوتھراپسٹ (پی ٹی)

- پی ٹیز (PTs) صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد ہیں جن کے پاس جسم اور وہ کیسے کام کرتا ہے کے بارے میں گہرا علم ہوتا ہے اور بیماری ، چوٹ یا معذوری کی علامات کا اندازہ، تشخیص اور علاج کرنے کے لئے خصوصی عملی طبّی مہارتیں ہوتی ہیں۔
- پی ٹیز شفاعت فراہم کرسکتے ہیں جیسے کہ؛ ایک ورزش کے پروگرام کی تجویز دینا، لوگوں کو محفوظ طریقے سے چلنے کی تربیت دینا یا لوگوں کو ان کے درد کو کنٹرول کرنے میں مدد دینا۔
- پی ٹیز کو لازمی طور پر قومی داخلہ کی سطح کی تعلیم اور پریکٹس کے معیارات پر پورا اُترنا چاہیئے، اور اپنے صوبے / علاقے میں کالج آف فزیوتھراپسٹس میں رجسٹر ہونے سے قبل کامیابی کے ساتھ ایک معیاری قابلیت کا امتحان پاس کرنا چاہیئے۔

اسپیچ لینگوئج پیتھالوجسٹ (ایس ایل پی)

- بچوں اور بالغوں میں کمیونیکیشن اور نگلنے والے عوارض کا اندازہ لگانے اور ان پر قابو پانے کے لئے ایس ایل پیز (SLPs) ہنر مند افراد ہوتے ہیں، وہ خودمختار پیشہ ور افراد ہیں جن کا خصوصی علم ، مہارتیں اور کلینیکل تربیت ہوتی ہے۔ وہ ان مشکلات کا سامنا کرنے والے لوگوں کے لئے تعلیم اور مشاورت کی خدمات بھی فراہم کرتے ہیں۔
- ایس ایل پیز کی مہارتوں میں روک تھام، شناخت، تشخیص، اور پیدائشی مرض یا نقص، اور اکتسابی کمیونیکیشن اور نگلنے کی خرابیوں کا علاج شامل ہیں۔
- صحت کی نگہداشت کا مربوط پروگرام فراہم کرنے کیلئے ایس ایل پیز دیگر صحت کی نگہداشت کے پیشہ ور افراد کے ساتھ مل کرکام کرتے ہیں تاکہ مریض اپنے مطلوبہ اہداف حاصل کرسکے۔
- ایس ایل پیز باقاعدہ صحت کی نگہداشت کرنے والے پیشہ ور افراد ہیں جن کا اپنے صوبائی کالج میں رجسٹرڈ ہونا لازم ہے۔